بعون صانع بے مکین و مکان و فضل خلاق زمین و زمان

صد شکر و سپاس خداوند لایزال کہ اندنون بتوفیق و عنایات ربانی

دیوان شہیدی

از افاضات جناب مولوی کرامت علی خان صاحب المتخلص بہ شہیدی

مطبع نامی منشی نولکشور لکھنو میں بہ طبع مزین مطبوع ہوا

بسم اللہ الرحمن الرحیم

۳۲۱۹۱	ردیف الالف

حسن سخن ہو وصف جمال اُس جمیل کا
گلگونہ جسکا اسم شرح قال و قیل کا

اُس خور کے دائرہ ہین عیان نقطہ سپہر
روے عزیز مصر مین ہے خال نیل کا

سرمہ بنائے گر نہ ترا عشوہ طور کو
مفتون نہو کوئی کبھی چشم کحیل کا

گر نہ چھون مین تو نہو مرجان کا نکلے ہار
گردن پہ اُنکی خون نہو تیرے قتیل کا

تصویر ایک آئینہ انواع مختلف
کس وجہ مین نہ محو ہون ہر شکیل کا

کل واجب الوجود تو جز ممکن الوجود
مفہوم متحد ہے عدیم و عدیل کا

نقطے کے انبساط سے ہو خط و سطح و جسم
مبدا وہ ہی عمیق و عریض و طویل کا

رقم پہلا کیا طرفہ بسم اللہ کی مد کا
طلوع روشنی جیسے نشان ہو شہ کی آمد کا
دبستان ازل میں وہ معلم عقل کل کا تھا
چمن پیرا کن فراش جسکی بزم رنگین میں
عجم میں زلزلہ نوشیروان کے قصر میں آیا
شرف حاصل ہوا آدم او ر ابراہیم کو اس سے
شب و روز اسکے صاحبزادونکا گہوارہ جنبان تھا
وہ اس عالم میں رونق بخش تھا جو سدرہ تسکین کو
شب معراج چڑھکر عرش پر دم میں اُتر آیا
روان تسنیم و کوثر ایک قطرہ آب سے جسکے
کشاد عقدۂ باطن میں کافی نام حق اسکو
دفات ظاہری سے جوہر جان میں نہ فرق آیا
نہ کم قدر اسکے شیرازہ بکھر جانے سے ارکان کا
گر افعی نکلے جا نکلے اُدھر ابلیس اندھا ہو
اُدھر اللہ سے واصل ادھر مخلوق شامل

ولہ

سر دیوان لکھا ہی مین نے مطلع نعت احمد کا
ظہور حق کی حجت ہی جہان میں نور احمد کا
نہ تھا نام و نشان جن روز و دن اُس لوح زبرجد کا
بہار آفرینش ایک بوٹا اُسکی مسند کا
عرب میں شور اٹھا جو وقت اُسکی آمد آمد کا
نہ تھا فخر عالم فخر تھا اپنے اب و جد کا
عجب ڈھیپا وہ تھا روح الامین کھینچا شامد کا
گیا جنت میں طوبی بنکے سایہ بھی ہی قد کا
بیان اُس قلہ ہستی کی ہو کیا جزر اور مد کا
کرون کیا وصف اُس دریتیم بحر سرمد کا
کھلا کرتا ہی جن کنجی ہمیشہ قفل ابجد کا
وہ جسم پاک کو محسود تھا روح مجرد کا
نہ افزون رتبہ قرآن مجزا سے مجلد کا
ملا ہی قصر اخضر روح کو اُسکی زبرجد کا
خواص اسم کہ ترکیب کبری میں ہی حرف مشدد کا

۳

بید قدرت لقب ہی میرے کلک گوہر افشان کا
مری باد نفس سے گر ہو ہیراں پردہ غفلت
بہار حسن ہریالی مرے صحن سرا کی ہے
سحاب ملک جان ہے کہ میں برسون گر دو دن پر
دلون میں شاعرونکے گو ہر معنی نہ پیدا ہون
عنایت اپنی بخشش مبدء فیاض نے مجکو
نہیں پیدا ہوں میں این باد و خاک و آب و آتش سے
جب اپنا عظم شان میں دیکھتا ہون حیرت آتی ہے
مرے زیر قدم ہے تخت شاہی جس ولایت میں
بشر کے قالب خاکی میں گو جلوہ فرما ہون
رہا میں ہر ہر میں اندیشہ آشوب سے ایمن
فراغ صدا بد ہی ہیم لحظہ میری آسائش
رہیگا رو ورستا خیز تک گو سے فلک گردان
مری خاک قدم سے قیصر و خسرو استعانت لے
جسے کہتے ہیں سب فردوس پائین باغ ہے میرا

۷

ولہ

بیاض صبح اک سادہ ورق ہے میرے دیوان کا
بہشت فرقہ کے پیش نظر ہو نور عرفان کا
ریاض قدس میں گلدستہ ہے میرے طاق ایوان کا
روان ہے جو بشکل کہکشان ہے چشمہ حیوان کا
نہ تپکے گر صدف میں انکی قطرہ میرے نیسان کا
زمین تا آسمان ممنون ہے میرے بذل و احسان کا
کہ مرکز چار سے عالم ہی باہر میرے ارکان کا
جہان کیونکر بنا ہے آئینہ تصویر انسان کا
وہاں کے دام و دد کو ہے منصب سلیمان کا
تماشا دیکھنا منظور ہے نیرنگ امکان کا
گہر کو کیا خطر ہے لطمہ گرداب عمان کا
طلسم کن نہو نہ ہے مرے خواب پریشان کا
حریف اک لحظہ تھا صبح نشستن میرے چوگان کا
مری نعلین کو دے فخر بلندی تاج سلطان کا
مجھے ہے منت گھر بیٹھے نظارہ حور و غلمان کا

دیوان شہیدی

[illegible]

نہ یک لحظہ ہی گلگاب پی کر میں نے مستی کی | نہ یک لحظہ رہا نظارگی میں سرو خوبان کا
نہ میں نے اک نظر دیکھی کبھی سیر گل و سوسن | نہ یک ساعت تماشائی ہوا میں برق و باران کا
ولیکن مجکو لطف عام سے امیدواثق ہے | کروگے جبر دم میں تم مرے صد سالہ نقصان کا
سوا اسکے نہیں اندگی میں کچھ ہوس باقی | رہوں ثابت قدم سر منزل تصدیق ایقان کا
تصور آپکی صورت کا وقت نزع ہو مجکو | مرا ماتم سرا مشرق بنے مہر درخشان کا
نگاہ پاک کو جس وقت پہونچے حکم قربانی | جمال خاص ہے قبلہ ہو قبلہ چشم حیران کا
صفایہ جان برلب آمدہ کو میری حاصل ہو | دم آخر بھی آئینہ ہو روکش صبح خندان کا
ادھر دار فنا میں روح کو تن سے جدائی ہو | ادھر ملک بقا میں جا کے میں واصل ہوں جانان کا

۵ شہیدی مصطفیٰ کا لاڈلا حیدر کا پیارا ہوں ۱۵
مجھے کیا خوف ہے بیدہ ہوں میں شاہ شہیدان کا

شوق وصال سینہ میں آزار بن گیا | میں خواہش طبیب میں بیمار بن گیا
میرے خرابے کی ہوئی تعمیر غیب سے | سیل آکے چار سمت سے دیوار بن گیا
ٹپکے جو چشم سے دم املا گل سرشک | غمنامہ قطعۂ خط گلزار بن گیا
میں کیا ہوں صحبت بدرندان میں بیٹھکر | وہ دن میں شیخ صومعہ میخوار بن گیا
سمجھا گناہ کو جو گنہ اپنی شرع میں | اسیر عذاب ہے کہ گنہگار بن گیا

۵

۶

۹

[illegible]

ہو دل کے آنس کا بھی تماشا معاملہ		وہ بزم غیر میں گئے میں منفعل ہوا

۷	خلوت میں کوئی لحظہ ٹھہرتا وہ شمع رو بے صبریوں سے آپ شہیدی خجل ہوا	۱۰

وله

تیغ غم میں نے اٹھایا سو اٹھایا تھا	کسی عاشق کو نہ دیکھا تو خدایا تھا
اسے کہتے ہیں اطاعت کہ گیا میں بیخود	یار نے جب مجھے خلوت میں بلایا تھا
خضر کا قافلہ ہوش جہاں پر ہوا گم	مجھے وحشت نے وہاں راہ تو پھرایا تھا
کس زبان سے کروں اوس سنگدلی کا شکر	غیر کو جا نہ ملی یار سمایا تھا
معرفت غیر کے قاصد کو ملا تھا وہ پیام	کہ مجھے وحی کے مانند سنایا تھا
وصل کی رات بھی کمبخت حیا ساتھ رہی	حسب خواہش وہ مرے پاس کب آیا تھا
اس فریبی نے شب اقرار غلط فرما کر	اپنے در پہ مجھے تا صبح بٹھایا تھا
درگذر زخم نہ کرے دشمن جان مرا تھا	تیرے ہجران میں بھی اس نے مجھے پایا تھا
کر کے رشک نے اسکے ورق محفل سے	حرف بیجا کی طرح مجکو اٹھایا تھا

۸	گھر کو گور آپ کو مردہ میں شہیدی سمجھا یار بن بخت نے جس رات سلایا تھا	۱۵

وله

ہزار مرتبہ دیکھا ستم جدائی کا	ہنوز حوصلہ باقی ہے آشنائی کا

[illegible]

پاس آ بیٹھو نہ مضطرب کہ ہوئی جان خدنگ
دیکھکر تجکو پھڑک جائے نہ صیاد کا دم

ساقی اٹھ تو مرے پہلو سے کہ وہ جام آیا
پیچھے کرتا ہوا خود مین نہ دام آیا

عشوہ فرما کے دعا دل سے نکلوائی بزور
لب خاموش پہ جب شکوہ و دشنام آیا

اب مین گر مین کرون تیرے تغافل کا گلہ
بات کیا صبح کا بھولا ہوا گر شام آیا

نیچی نظرین کئے کس پیچ مین ہے عاشق زار
آنکھ اٹھا دیکھ تو یہ کون لب بام آیا

۱۰ | بندہ قاتل ہے شہیدی تری بیتابی کا
آگیا بر مین دلارام جب آرام آیا | ۹

ولہ

ست کو کیا فکر ہے گر پیرہن ٹکڑے ہوا
روح ہے قاتل سلامت گو بدن ٹکڑے ہوا

معرکہ مین عاشقی کے فتح اسکے نام ہے
خنجر بیداد سے جو خستہ تن ٹکڑے ہوا

مر گیا تو ایک تیشہ مین تھی یہ شرط عشق
کوہ کس مردانگی سے کوہکن ٹکڑے ہوا

دیر مین جسدن گیا وہ فتنہ خو دیکھو
دیکھنا پڑ سے اڑا بت برہمن ٹکڑے ہوا

تیرے آنے سے گلستان مین رہی بزم سماع
بلبلون کے حلق گل کا پیرہن ٹکڑے ہوا

خندہ کرنے مین جو صبح اس گل کے لب وا ہوگئے
غنچہ کی چھاتی پھٹی لعل عدن ٹکڑے ہوا

میرے ماتم مین کیا کیا چاک اس نے پیرہن
قبر مین کیون خود بخود میرا کفن ٹکڑے ہوا

تیرے وحشی نے تڑاتے سلسلے جس رات کو
کہتے ہین اس رات لوہا لاکھ من ٹکڑے ہوا

ولہ

۱۱

۱۰

دیوان شہیدی ۸

ولہ

تصور عاشق بیتاب نے دل میں جہاں باندھا
نقاب اس شرمگیں نے اپنے چہرہ پر وہاں باندھا

۲۴

ولہ

سنگ گر سینہ میں اسکے عوض دل ہوتا — کار عشاق نہ اس مرتبہ مشکل ہوتا
شاد ہو ہو کے جلاتا نہ مجھے یون ہر دم — گر وہ بیرحم مرے حال سے غافل ہوتا
گھر سے جب سیر کو صحرا کی نکلتی لیلی — نجد کے رخ پہ اٹھا پردۂ محمل ہوتا
بیٹھ جاتا لب فرش آکے اگر ایک گدا — اسمین نقصان ترا کیا صاحب محفل ہوتا
ق
دل میں ارمان ہی رہا سیر چمن کا اس رنگ — کہ مرے ساتھ وہ زیبندہ شمائل ہوتا
اسکی بدھی کے لیے پھول میں چنتا پھرتا — ہاتھ اس کا مری گردن میں حمائل ہوتا

۱۳ عام ہیں اسکے تو الطاف شہیدی سب پر
تجھسے کیا ضد تھی اگر تو کسی قابل ہوتا ۱۴

ولہ

مذہب نقش آخر سے ہوا ایمان صفحہ اول کا — جلا سے عشق سے ہے آج میرا آئینہ دل کا
دو عالم میں نہیں ممکن ترا ثانی کسی صورت — مرض زائل کرے تیرا نما تھا چشم احول کا
تپش پر بلبلون کی رشک ہے لوٹن کبوتر کو — ہوا اس طفل خو کو عزم بازی گاہ مقتل کا
سواری اس مہ شب گرد کی باد بہاری ہے — کھلا ہر کوچہ میں طرفہ چمن گلہای مشعل کا
جسے قاتل نے دیکھا اک نظر دم میں کیا بسمل — مگر تلوار کا ڈورا ہے ڈورا اسکے کاجل کا
ہو تکے آستان پہ ہمنے برسوں جبہہ سائی کی — ہماری خاک کے ہے ذرہ میں اعزاز صندل کا
عجب کیا گریہ سے دھو جائے پتلی چشم عاشق کی — برسنے سے سفید البتہ ہوگا رنگ بادل کا

محبت قطع کی تمنے وہ کوسون اڑگیا تم سے
دل بیمار رشتہ الفت کا تھا ای گلرخان باندھا

ابھی جوہر کرونگا اپنا ورنہ سچ بتا مجکو
تری تیغ نگہ نے مشورہ کیا میری جان باندھا

غریق بحر ہشیاری کو ہردم فکر سامان ہو
کبھی یان کشتی مے پر نہ ہم نے بادبان باندھا

عداوت نیم جان مجنون سے کیا ہی تجکو ای ظالم
مغیلان مین جو خالی ناقہ لاکر سار بان باندھا

کیا ہجران کی شبین کو وہ غم نے مجکو چور ایسا
کہ جراحون نے صبح اکر وا ہر استخوان باندھا

بنا تھا پنجہ جراح رشک پنجہ مرجان
ترے زخمی کا جسدم آنکے زخم خونچکان باندھا

مرا ہر مصرعہ دیوان ہی اک شاخ شکر گویا
لب شیرین کا مضمون مین نے ای شیرین دہان باندھا

زمان تیغ دیکھا اک نظر جو ر بہشتی کو
یہ بہتان اپنے عاشق پر عبث ای بدگمان باندھا

کوئی ای حاملان عرش تمسے داد لیتا ہون
ستون اک آہ کا او نسے سوئے لامکان باندھا

شہید اس قدر دانی کا ہون ٹکڑے کر کے عاشق
لحد پر نخل ماتم یار نے بہر نشان باندھا

مجھے اک عمر سے تھا مو تو نکے سہرے کا ارمان
شب فرقت مین تو نے دیدۂ گوہر فشان باندھا

رسائی ایک بیر پام تک اسکو نہین ظالم
کمند آہ مین سو بار مین نے آسمان باندھا

وہ گنج ذات کیا کچھ ہوگا یارب مین تو حیران ہون
حفاظت کے لیے جسپر طلسم دو جہان باندھا

شہید ای کثرت عصیان سے مجکو خوف آتا ہے
سفر ہے دور کا اور دوش پر بار گران باندھا

[illegible]

ولہ ۱۸

۴

[illegible]

مرگ عاشق پر جو برہم ہو دو عالم کا ورق | حیف ہے ای جان تجھے ملنا کف افسوس کا
وصل میں دشوار نکلیگا ہمارے دل سے غم | چھوڑنا آسان نہیں ہے خانۂ فانوس کا
کیا لکھے دیکھے ستمگر سینے لفظ وفا | پھاڑ ڈالا کیون خفا ہو کر ورق قاموس کا
سامنے آنکھون کے لہراتا ہے سیرادہ ول | کیون تجھے باور نہیں منکر ہو محسوس کا
دم بدم آتا ہے اخبار دروغ و راست سب | بدگمانی نام ہے عشاق کے جاسوس کا
کس شکار افگن کی آتی ہے سواری دشت مین | منتظر ایک ایک وحشی ہے صدائے کوس کا
رو برو سے حق نہ اخفائے محبت ہو سکا | صبح محشر سے مگر پردہ ہے مرنے ناموس کا

۱۷ | سبز کرتا ہون نگین دل شہیدی زہر سے | ۷
کندہ اس پر مین کرونگا نام شاہ طوس کا

جان اب تمسے ہے کیا بھید چھپانا دل کا | ولہ آپ سے مجکو مبارک ہو لگانا دل کا
نئی باتین نئی گھاتین نئی چاہت نیا پیار | کیا قیامت ہے نئے شخص پہ آنا دل کا
لاکھ ڈھونڈھا کرے وحشت کوئی ملتا ہے سراغ | اُنکی مٹھی مین ہے ان روز دن چھٹکانا دل کا
ہاے رے اگلے ستمگار کا حسن کے گلہ | اُنکا بھرنا وہ سرد اور وہ دکھانا دل کا
اُنکی برداشت نے یانتک تو کیا نازک طبع | سخت دشوار ہے اب مجکو اُٹھانا دل کا
تھوڑے سے حلقون مین ہے زلف کے عارض کو پسند | انھین منظور ہے پھندون مین پھنسانا دل کا

[illegible]

۹

ولہ ۱۶

[illegible]

ڈرا جو گلستان میں آنے سے تیرے ۔ پری رنگ گل ہوگا ظاہر نہوگا

۲۰ ۔ ملا وصف کرنے کو معشوق تجھ سا
ہوا ہی شہیدی سا شاعر نہوگا ۔ ۷

صاف آزردہ ہو تم سینہ مری جان کس کا ۔ ولہ ۔ رخ سے پیدا ہی غضب کینہ پنہان کس کا
دل ہی دلدار ہی جب دل نہیں کیا دلدار ۔ جان سے جاتا ہی چلی جان تو جانان کس کا
بندہ ہونے سے مرے عار ہی گر صاحب کو ۔ بندگی کیجئے ہین تابع فرمان کس کا
بیوفائی کا گلہ آپ سے کم فہمی ہے ۔ صرفہ جب دل شکنی پر نہیں پیمان کس کا
رشک نے زہر بنایا ہے مرا آب حیات ۔ مرگ ہی وصل کی شادی غم ہجران کس کا
سست مذہب ہوں لیکن نکرون پاس قسم ۔ سخت کافر سے سروکار ہی ایمان کس کا

۲۱ ۔ اب شہیدی سے تو ہی ضبط جنون بس دشوار
دامن یار ہی چھوٹا تو گریبان کس کا ۔ ۲۶

اور بھی دیتا جو حق سے کر کے منت مانگتا ۔ ولہ ۔ پر فزون قسمت سے کیا مین اہل ثروت مانگتا
میری محتاجی دلیل فرط استغنا ہے ۔ کیا نہ ملتی مجکو گر مالک سے دولت مانگتا
زندگانی سے بجان ایسا ہوں گیا ہوں شہید ۔ اپنے قاتل کی دعا وقت شہادت مانگتا
بیٹھ کے بدلے می پرستی کو سون میخانہ کے گرد ۔ گر مرا ساقی دعا سے ابر رحمت مانگتا

[illegible]

۲۴ ولہ ۱۵

[illegible]

قیس کا ڈر تھا کہ مین دیوانہ زندان مین چھپا	دشت مین گر دیکھ پاتا فرض وحشت مانگتا
ناز گر بنتا مشکل تجھسے چاہتا	حسن گر ہوتا مصور تیری صورت مانگتا
تو نے جسے شیوہ بھی جاری نہ کی آگو کبھا	بستیون مین آکے خسرو گر ضیافت مانگتا

۲۲ حشر سے پہلے شہیدی تو تو پہونچا خلد مین
ورنہ مشکل ہوتی گر داد محبت مانگتا ۱۳

حریف ہوش مین آو کہ جام شیشے کا	ولہ کسی کے لب کو ہی لایا پیام شیشے کا
دلون کو مست نہ لٹکاتی زلف شانہ مین	کیا ہی سینے مین مین نے مقام شیشے کا
یہی نماز جماعت ہی رندون کی زاہد	کہ جھکتے ہین جھکے جبدم امام شیشے کا
تجھے سفال ہیسر نہو لگا دے اوک	روان ہو میکدے مین فیض عام شیشے کا
نکال مجکو نہ بزم شراب سے باہر	کہ زیر ابر دہ ہون ساقی غلام شیشے کا
بقدر ظرف مجھے دے شراب پیر مغان	زبان حال سے یہ ہی کلام شیشے کا
ہزار چاہے کرے زخم خوردہ ایک گرہ	محال دل کی طرح التیام شیشے کا
وہی لطافت صورت وہی صفا درون	ہماری دل مین ہی نقشہ تمام شیشے کا
نہ چھٹ سکے ترے قابو مین آکے ای بدمست	لکیرین ہین کف نازک مین دام شیشے کا
ملا کے جان تھی مجھے چال ہی تری ساقی	قیامت اور بھی لایا خرام شیشے کا

[illegible]

[illegible]

ولہ ۲۵ ۱۸

۲۴	قبر حافظ پر شہیدی بیٹھکر پی لین شراب ہند مین چلکر کرینگے یاد کیا شیراز کا	۱۳

ساقی غم شفقی اشک کو صہبا سمجھا — ولہ — دیدۂ دل کو مرے ساغر و مینا سمجھا

نہ کے نا چیز جہان صاحب توحید ہون مین — مہر ہر ذرے کو ہر قطرہ کو دریا سمجھا

مجھے دکھلائی دو رنگی نے تری طرفہ بہار — جب ڈوپٹے کو ترے مین گل رعنا سمجھا

اُسکے نزدیک خط اور نقطے مین کچھ فرق نہین — جو شب ہجر کو میری شب یلدا سمجھا

دلکو ہے اس سے ہوس خلد مین ہم آغوشی — بوالہوس قامت جانان کو بھی طوبا سمجھا

پہلے دکھلا مین خریدار کو جنس ناقص — شاہد مصر سے خالق تجھے اچھا سمجھا

قیس کا دل نہ لگا ہے طرب خانہ مین — وادی نجد کو مین صفحۂ لیلا سمجھا

شکل دکھلائیگا فرداے قیامت مجھکو — وعدہ سچا ہے ترا معنی فردا سمجھا

اُٹھ گیا جب شفق رنگ حنا کا پردہ — کف روشن کو مین اُسکے ید بیضا سمجھا

دیکھکر چشم پر آب مژۂ شعلہ فشان — لب دریا وہ چراغان کا تماشا سمجھا

آگے جلاد اجل نے مری جان بخشی کی — مین دم تیغ کو تجھ بن دم عیسے سمجھا

رکھتے کیا جانیے کیا رشک مسیحا یہ گمان — گر عیادت کا نہ عازم ہوا اچھا سمجھا

مین تو سمجھاؤن ہزار اُسکو شہیدی لیکن

۱۳ دیوان شہیدی

یاد ہے اُسکو عمل خورشید کی تسخیر کا

میری قسمت مین نہ لکھا تھا سفید آخر کا

۲۷

حلقۂ گرداب ہے حلقہ مری زنجیر کا
اسکی بھی مجھکو نکلنا ای شہیدی ہی محال
سادہ کاغذ ہاتھ مین ہر کاتبی تصویر کا
ای کیا شوخی سے اپنی نقش باقی رہ گیا
معتقد ہون تا ہوون سے ہمچو زنجیر کا
بت بکاسہ زنخ پنہان ہیکڑون زنار کو
وہ رہا غافل ہی بولے سمجھ زنجیر کا
کرکے مین قطع تعلق سب سے مین دیوانہ تھا
دل ہوا ای قاتل ہیتر سے عاشق دیکھ کر
جسکو سینہ سے نکالا تو نے پیکان چاہکر

ولہ

۱۴

شکوہ مین عشاق کا دستور کرون کیا
گر اس ستم کا ہون مشکور کرون کیا
لاؤنگا زبان پر تری بیداد نہ ہرگز
بیٹھے رہے جی مین خلق مین مشہور کرون کیا
واقف ہی ہمہ اسکے حال سے یہ بہ زیادہ
ہر روز ترے سامنے مذکور کرون کیا

دیوان شہیدی ۱۴

تیشۂ آخر سے جنت مین جوان ہوا ای نظر		تھا سر فرہاد سنگ راہ جوی شیر کا
۲۶	سوچ خیز غم مین قصر دل کی ڈالی ہی بنا یہ نہ ٹھہریگا شہیدی فائدہ تعمیر کا	۱۷

ای پری حیران ہون تیرے خندۂ تقریر کا	ولہ	اک طلسم نو ہی کھلنا غنچۂ تصویر کا
ضبط گر مانع نہو ذکر بتون کے درد مین		سو خلل ہر شب کرے نالہ مری زنجیر کا
عاشقون کی آہ سے اس مہوش کو غم نہین		جانتا ہی موم سے پیکان ہی اسکے تیر کا
اشک خون رکھتے ہین گلگون تیرے چہرے کو مدام		شکر شرمندہ نہین ہین رنگ کی تغییر کا
وصل بیداری مین اسکا خواب مین کرکے خیال		منتظر رہتا ہون نادانی سے مین تعبیر کا
عاشق حیران کو تیرے ای نگار سادہ رو		شبہہ ہر سادہ ورق پر ہی تری تصویر کا
مین نہین مجنون کہ صحبت آہوون سے ہو پیار		شیر بھاگے گر سنے نالہ مری زنجیر کا
سو گنہ سرزد ہون مجھسے دان مین ہر گز نہین		عہدہ سونپا ہی تغافل کو مری تعزیر کا
اسکے ابرو پر ہمیشہ چین نظر آتی ہی		بل نکل سکتا نہین ہی جیسے اس شمشیر کا
اس بھبھوکے کا گل نظارہ مین چھپتا رہا		شب لیا مد نظر سے کام آتشگیر کا
اہل صورت کو مزہ ہی تو سے ایسی شک نہین		آب سے پژمردہ ہوتا ہی چمن تصویر کا
بزم دنیا مین جہان سے تیرہ باطن کو نفع		یان زبان شمع کا قاتل وہی گلگیر کا

[illegible]

تمھارا روز مرا تجھسے بھی تاریک زیادہ
میں تیرا گلہ ای شب ہجر کرون کیا

سولی نے ہمیں محنت زندان سے چھڑایا
میں اب کہو ای حضرت منصور کرون کیا

۲۸
ہر لحظہ رکھوں ہاتھ میں دل اُنکا دیکن
میں خوسے شہیدی کی ہون مجبور کرون کیا
۱۷

ولہ

مرا سینہ ہوا شہر اسپہان دل خوشباش ہے گویا
تجھے معشوق بن رہتا نہیں عیاش ہے گویا

نہیں وہ سیمتن محتاج پوشاک مکلف کا
بدن میں خود چمک ایسی ہے پہنے تاش ہے گویا

نہ سرکا سامنے سے ایکدم ایام ہجران مین
غم دلدار خدمتگار حاضرباش ہے گویا

چھوا جس شخص نے بیہوش ہو کر خاک پر لوٹا
ترا تل ای پری افسونگری کا ماش ہے گویا

بچھا ہے عید کے دن فرش رنگین اطلس خون سے
ستمگر تیری قربانگاہ کا فراش ہے گویا

ملا پیتان جنت سے تجھے شیر ای قد جانان
اسی سے نخل طوبی تیرا گو کلتاش ہے گویا

کبھی دیکھا نہ تیرے بے زبان کو گفتگو کرتے
شرارہ آہ سے منہ میں مرے خشخاش ہے گویا

شب تاریک عاشق میں ترے رخ کی تجلی سے
بے رونق تھی رخ پر خاک کے بشاش ہے گویا

سلاکر قبر میں کھولا کفن تیرے ملائک کا
صباح حشر کا سوجا سے پردہ فاش ہے گویا

ترا سیب ذقن ہے نور باغ حسن کا میوہ
مہ و آفتاب گردون پہ اسی کی قاش ہے گویا

دیار عشق بازی میں گلون کی مہر نقد ہین
نہیں یہ سکہ جسکے ہاتھ میں قلاش ہے گویا

۲۹

ولہ

۱۱

۱۵

ولہ

٢٠ ٨

ہو چلا خنجر بیداد کا بسمل ٹھنڈا — لے ہوا اب تو کلیجہ ترا قاتل ٹھنڈا

قہری دھوپ مین مجنون تو پھرے ننگے پاؤن — خس کے پردوں سے ہوئی لیلی ترا محمل ٹھنڈا

یاد یاران وطن مین نفس سرد سے صبح — دشت غربت کیا مین نے کئی منزل ٹھنڈا

جام بھر بھر کے لگا دینے اسے بھی شربت — استقدر بھی تو نہو ساقی محفل ٹھنڈا

اُٹھ چلے پھول شہیدونکے بس اسکی نگہ — سبز چوڑی کو تو کر حور شمائل ٹھنڈا

تشنۂ وصل پری رو کو سنا دو مژدہ — نیل مقصود کا نزدیک ہے ساحل ٹھنڈا

اپنا پیری مین ہوا داغ جنون روشن تر — شمع کو وقت سحر کرتے ہین غافل ٹھنڈا

٣١ سینہ پر مہندی بھرے ہاتھون کو رکھکر بولا — لے شہیدی ترا بس اب تو ہوا دل ٹھنڈا ٢٢

ولہ

آسمان خصم قوی ہے اہل استعداد کا — زنگ مین ضایع رہا جوہر مرے فولاد کا

دیکھتے ہی آئنہ ایسا ہوا وہ بدحواس — شکل عاشق کو دکھا کر ملتجی ہے داد کا

آسمان ہفتمی پر قمریون کا ہے دماغ — باغ مین تکیہ لگا بیٹھا جو وہ شمشاد کا

ہے وہی شکل و شمائل ہے وہی ناز و ادا — کیون نہ دھوکا ہو پری پر یار کے ہمزاد کا

ای صنم مین داد کو اپنے نہ پہونچون روز حشر — گر خدا سے بھی کرون شکوہ تری بیداد کا

یاد چشم سرمگین کیا کیا رولاتی ہے مجھے — جس گھڑی قرآن مین پڑھتا ہون مین صاد کا

[illegible] عالم ہمارے نالۂ ناشاد کا

[illegible] عہد مین جلاد کا

[illegible] فصاد کا

[illegible] حاضر و ناظر نہین

[illegible] جان اس قدر بھی جسم فانی کا قیام

اعتماد اصلا نہین ہے کاخ بے بنیاد کا

٣١ ولہ ٣٣

[illegible]

خاک میں چھپنے سے دانہ کو کشایش ہے نصیب
کیوں نہ عقدہ تیرے دل کا قبر میں جا کر کھلا

عاشقوں میں قابل کشتن نہ تھا میرے سوا
میں ہوا قتل اور کمر سے یار کی خنجر کھلا

سرمہ کا ڈورا کسی کی چشم میں یاد آگیا
موج مے کی جزر و مد سے جب خط ساغر کھلا

راز پوشیدہ لکھا تھا جس میں اپنے یار کو
نامہ بر کی ہوشمندی سے وہ خط گھر گھر کھلا

نامہ اعمال قاتل کا بعینہ نقل تھا
خون ناحق کا مرے کیوں حشر کو محضر کھلا

ملتوی رہجائیگا خلق خدا کا سب حساب
گر مرے اعمال بد کا حشر کو دفتر کھلا

مژدہ باد اے دل کہ اب تیری دعا ہے مستجاب
میرے نالوں کی بدولت آسمان کا در کھلا

بستگی سے قدر و قیمت ہے دل کم مایہ کی
ایک قطرہ آب ہے جب عقدۂ گوہر کھلا

تیری فرقت میں جھپکی ایک شب میری پلک
خانۂ ویران کا رہتا ہے ہمیشہ در کھلا

کام دل کا ہوکے سائل اس سے ہیں چوری چھپے
جب سوارہ جاتا ہوں جب کہتا ہے وہ بہتر کھلا

سر کے بالوں کو جو الجھیلی سے چھیڑا میں نے رات
کس ادا سے بولے وہ ہے ہے مرا جوڑا کھلا

چاندنی میں سیر کی تو نے ہو مقیش کی
طرفہ گورے رنگ پر الماس کا زیور کھلا

چوم کر وقت کرشمہ ابروے خمدار یار
بول اٹھی مشاطہ آج اس تیغ کا جوہر کھلا

بیٹھ تسکین سے قفس میں کوئی دم مرغ اسیر
مدتوں پھڑکا نہ اب تک کوئی تیرا پر کھلا

بند ہے مجھ پر اب اس بدمست کی محفل کا در
میکشی کے شغل میں جو پہر گھر آکر کھلا

۴۰	باریاب خلوتِ جاناں ہو عاشق بعد مرگ ای شہیدی جیتے جی جنت میں کب داخل ہوا	۱۰

عمر بھر عشق کے آزار نے سونے نہ دیا	وله	ہائے ہائے دلِ بیمار نے سونے نہ دیا
نالہ کش ایک رہا ایک کراہا تا صبح		جانِ ریش و دلِ افگار نے سونے نہ دیا
خواب میں شکل دکھاتا وہ مقرر مجکو		شوق کے طالعِ بیدار نے سونے نہ دیا
عیش کی شب بھی سیہ بخت کو آجاتی نیند		اسکی پازیب کی جھنکار نے سونے نہ دیا
میرے مرقد پہ کہا کس نے قیامت ہو قریب		یاد آکر تری رفتار نے سونے نہ دیا
رتجگے ہوتے رہے ہیں کہ بڑھے غم کی عمر		ایک شب وہ دلِ زار نے سونے نہ دیا
ہیں بھی سو نہ دیا شام سے اسکو شبِ وصل		صبح تک ضد سے مجھے یار نے سونے نہ دیا
نیشِ غم نے رگِ مژگاں سے نکالا یہ لہو		مجکو راتوں مرے غمخوار نے سونے نہ دیا
سیکشو صبح ہیں آنکھیں جو تمھاری خمار		شب تجھیں ساقیِ سرشار نے سونے نہ دیا

۴۱	خوف تھا اسکو شہیدی تری بدمستی کا شب جو ہمبر ہوں کو عیار نے سونے نہ دیا	۱۱

صلح میں عربدہ جو مستعدِ جنگ رہا	وله	شبِ عشرت مری آغوش میں وہ تنگ رہا
شکر ہو خانۂ زنداں کی شکایت نہ رہی		جا کے صحرا میں بھی دیوانہ ترا تنگ رہا

جان ہو انعام تو لے ای فلک شعبدہ باز	تو دکھاتا ہمین سو رنگ کے نیرنگ رہا
دیکھکر سینہ زنی چہرہ خراشی اپنی	بزم دشمن مین آسے شغل دف و چنگ رہا
آہ سوزان نے بہت شیشہ گری کی افسوس	نہ بنا شیشہ دل سخت صنم سنگ رہا
وسعت آباد اسے کہتی ہو نادان خلقت	ہمین نے عالم مین قدم جب دھرا تنگ رہا

۴۳ گر شہیدی کے قلم مین ہی یہی نقش بدیع
یادگار اس سے بھی دنیا مین اک ارژنگ رہا ۲۰

ولہ

دیر و حرم کا جبکہ جہان مین نشان نہ تھا	عاشق کے دل سوا کوئی اسکا مکان نہ تھا
کس خوش سلیقگی سے مرتب تھی بزم عیش	سامان وہ کیا ہی جو کہ مہیا وہان نہ تھا
گسترد وہ فرش بوقلمون تھا جہان نہان	اطلس تھا حریر نہ تھا پرنیان نہ تھا
و شتے چھپے اور ہی پھولونکا طاق مین	چھپا نہ تھا چنبیلی نہ تھی ارغوان نہ تھا
روشن ہر ایک گوشہ مین تھی سو ہزار شمع	گلگیر تنگ حوصلہ چاٹے وہان نہ تھا
تھین بتیان اگر کی سلگتی ادھر ادھر	آتش پرست عود کی تھی پر دخان نہ تھا
تھا مست نغمہ بزم کا ہر کوچک و بزرگ	چنگ و رباب و عود کا شور و فغان نہ تھا
ہر لحظہ بے پیالہ و ساقی تھا دور مے	آنکھون مین تھا خمار کوئی سرگران نہ تھا
موجود تھا مشاہدہ معدوم تھا حجاب	بے چشم جو نظارہ تھا سو رائگان نہ تھا

۲۱

ایضاً شہیدی

ناگہ پلک جھپکتے ہی ایسا ہوا وہ گم
دونوں جہان ڈھونڈھ چکے ہم نشان نہ تھا
کیا جانتے تھے یوں ہمیں چھوڑیگا ساتھ سے
ان پیچ پاؤں کا شہیدی گمان نہ تھا

۴۴

ولہ

۱۱

ولہ

سچ ہی پلے پر پہونچکر تیر کم کرتا ہی توڑ — میرے نالہ کا بلندی سے اثر جاتا رہا

وصل کی تدبیر کا خواہان رقیبوں سے ہوا — تیری فرقت مین مرا ہوش اسقدر جاتا رہا

لاکہ ڈھب مین چال چاپا اسقدر ہوتی ہی دیر — آسمان شاید شب ہجران ٹھہر جاتا رہا

سیر کہ تک اس گلی مین حشر کا ہنگامہ تھا — اپنا لاشہ اٹھتے ہی سب شور و شر جاتا رہا

باغ دنیا سے ملا کیا نہال آرزو — شور زار دل کی خاصیت سے پر جاتا رہا

بے مقدر دولت باقی نہ حاصل ہے کبھو — آکے قابو مین مرے وہ سیمبر جاتا رہا

اک گل دیدار کی حسرت مین اپنے ہین چاک — یا بہار دامن نظارہ بھر جاتا رہا

لاشہ کا بھی خون گرفتہ کے پتا ملتا نہین — نالے جاتے رہتے ہین یان نامہ بر جاتا رہا

کچھ دنون ہمنے بھی چھوڑ نہین تیرا رستہ عشق مین — جلکے تا چرخ آہ کا شعلہ بکھر جاتا رہا

کس سے کہتا کسکی سنتا وا اسف اپنا کون تھا — مدتون اسکی گلی مین گنگ و کر جاتا رہا

پیشتر طوفان گریہ سیر کا مانع نہ تھا — نہر مین تھین پایاب انکو مین اتر جاتا رہا

عشق مین تعظیم کا خواہان کسی سے مین تھا — محفل جانان مین سب سے پیشتر جاتا رہا

سکر مین بھی کم نماز جمعہ کی مین نے قضا — میکدہ سے سوے مسجد بیشتر جاتا رہا

ورد کرتا گر طواف و تربت ہوتا طبع — گرد قصر یار ناحق ہر سحر جاتا رہا

فقر مین شاہد پرستی کب شہیدی سے نبھی

ولہ

ولہ

[illegible]

۵۲ ولہ

[illegible]

ندامت صید عشرت دل مرا پروردہ غم ہی
نکرتا تھا اُسے پیچھا غزال خانہ پرور کا

دعائیں مانگتا ہی وہ کسی عاشق کا خط آدے
بنا شوق اندنون پیدا ہوا اُسکو کبوتر کا

دکھایا اپنا رد آتشین جب اُس محبوب کے نے
گمان بالی کی مچھلی پر ہوا مجکو سمندر کا

کبھی عمداً وہ ہکلا کر جو مجھسے بات کرتا ہی
مزا دیتا ہی اُس کا ہر سخن قند مکرر کا

پسیجا ایک نیرا دل نہ ای شیرین کبھو اُسپر
جگر پانی ہوا فرہاد کی باتون سے پتھر کا

کسی کے عارض گیسو کی مجکو یاد آتی ہے
نہ چھیڑ ای ہمنشین قصۂ شبنم گل صنوبر کا

چلے ہیں کشتی مو بادن محفل میں ساقی کی
ہمارا دور جب آیا ہوا لے حکم لنگر کا

در و دیوار پر چھاپے لگے ہیں خون کے ای قاصد
بتا کیا اور بتلا دُن تجھے قاتل کے میں گھر کا

مجھے زنجیر سے اور طوق سے نفرت رہا کی ہی
ہوا تھا کچھ دنون مجنون کو شوق البتہ زیور کا

ہمارے حق سے اسکو لیے جا کر چھپایا ہی تو
کہ تمغہ ہر کوئی پہچانتا ہے تیرے خنجر کا

ہوا زلف سیہ پر نامۂ اعمال کا شبہہ
دگر گوشہ اُسکا میں سمجھا ستارہ صبح محشر کا

۵۳ شہیدی قصر جنت دیکھ کر میں خوب سا رو یا
مجھے یاد آگیا نقشہ کسی محبوب کے گھر کا ۵

دل نے رسوا چار سو ہمکو کیا
در بدر اور کو بکو ہمکو کیا

ولہ

تیغ نے جسکی کیا تھا چاک چاک
تیر نے اُس کے رفو ہمکو کیا

[illegible]

۲۵ ولہ

[illegible]

۵۵ ولہ

[illegible]

۱۲

[illegible]

مبارک

ردیف باے موحدہ ۱۲

ہوتا شفیع اپنے شہیدی غریب کا

کیا بہار اب کی ہوئی ہے سرشت فزائے عندلیب
گر زینت گل سے ہیں گلشن میں جانے عندلیب
باغ میں ہے نالہ کشی کی سند تعلیم ہے
رو برو آگر سبق اپنا سنائے عندلیب
دوستے خندان سے گستاں کو آگر چمنیدہ ہون

مبارک ای گل زخم شہیدان خندہ نانہ
بپھر اکرتا ہی راتوں کو چگا نا خیل غوغائی
تغیر حال میں اپنے رہیگا شام محشر تک
بہار بنجران سے عشق رکھ گر خرمی چاہی
وہ خود غرمان میں ہی اسکا تخیل کیا ہی خزان میں

ہوا ہی شوق خنجر کو بنام زعفرانی کا
نہین محتاج ویرانہ ہمارا پاسبانی کا
ابھی سے پوچھنا بیجا ہی انجام اس کہانی کا
عبث بلبل ہی تو ناداں اس گلزار فانی کا
شب عشرت میں بھی ہوغم ترا ہو بدگمانی کا

۵۶	ہمارے سادہ رو کا چہرہ ہے ہر صفحہ سادہ نظر کیا آئے تجکو محو تو نیرنگ مانی کا	۱۳

ولہ

مین معتقد ہون عشق خوش عندلیب کا
کب سنبل بہشت معطر کرے دماغ
اُس نے مساحت جبل طور کے لئے
صحرا مین گر بیان ہو تیرے نطق کی حدیث
دے عقل کل کو طفل دبستان جہان سبق
گردون پہ عشرت شب معراج کا نشان
آواز مانگتے رہین داؤد عمر بھر
فرخندہ بخت ہی وہ جو امت مین ہی تری

کہتے ہین گل عرق ہی خدا کے حبیب کا
گر بو پہنچے نفع آپکے گیسو کی طیب کا
بخشش کیا کلیم کو عہدہ جریب کا
عقل مین کیا عجب ہی مزا ہو غریب کا
اُس مدرسہ مین تجکو لقب ہو ادیب کا
اب تک حنا مین ہاتھ ہی کف الخضیب کا
اس آرزو مین کام لے اُس سے نقیب کا
ارمان پیمبرون کو رہا اس نصیب کا

١٢	بیت بختی کرنی ہے گر طائران باغ سے ہمسے یہ اشعار تازہ سیکھ جائے عندلیب	٥٨

ولہ

سنبل گیسو ترا گر دیکھ پائے عندلیب — دل بندوں ٹوٹا ہم رنگ گل میں پھنسائے عندلیب

گر یون ہی گلشن میں طوفان کی طرح اوٹھا ہے جوش — منہدم ہو کوئی ساعت میں بنائے عندلیب

زیر دیوار چمن ہر صبح جاتا ہون کہ وان — کانون میں پڑنے سے آتی ہے صدائے عندلیب

گلرخون کی بزم میں البتہ ہے اپنا گزار — ہو جہان زندان چمن وان کیون نہ جائے عندلیب

دھوپ میں بیٹھا ہون میں تیرے در کے سامنے — اور بیٹھے گلشن میں گل کے سائے سائے عندلیب

ایکدن اس غیرت گل نے بٹھایا ہاتھ پر — ہوے گل میں بس چھپے سب خار پائے عندلیب

تجھے دلمیں عشق پنہان کیون گلبن کیا عجب — نکلے غنچون کے چٹکنے میں صدائے عندلیب

جیو ہو خس تنکا اٹھا لیتا ہون میں او یا نہین — اس صفائی سے نہ گل کو بھی اٹھائے عندلیب

بے سبب کیون خشم بیجا اسقدر ہے باغبان — ہان رقیبت ہی تری ہے جو خطائے عندلیب

قامت و رخسار تیرے دیکھ جان میں نے سبھی — قصہ پروانہ شمع اور گل بلائے عندلیب

آمد فصل خزان سے پیشتر دو روز کاش — سینہ صحن چمن یا تنگ ہو سائے عندلیب

شاہ گل بیٹھے لٹیا ان مستون کی کان میں
یہ غزل میری چمن میں گر سنائے عندلیب

پھینکدی ہے باغ مین جوش جنون سے کرکے چاک	گل جسے کہتے ہین سینہ ہے قبائے عندلیب
عقل گلشن مین آیا ہے لیے زر ہاتھ مین	کسقدر رعنا گل کو فکر خون بہائے عندلیب
اہل کے عاشق کو تسکین نقل سے ممکن نہین	پھول کاغذ کے نہون حاجت روائے عندلیب
وہ ترا قد ہے صنوبر کو دکھائے فاختہ	وہ ترے رخسار ہین گل کو دکھائے عندلیب
جو کہ انداز جفا تجھ مین ہے وہ گل مین کہان	کیا وفا سے تیری ہمسر ہو وفائے عندلیب
آشیان سے صحن گلشن تک بچھے ہین لاکھ دام	کاش ہو موج ہوا زنجیر پائے عندلیب
باغ مین صیاد کا گلچین سے پہلے ہو گزار	صبحدم خالق سے ہے یہ التجائے عندلیب
خصم جان گلچین عدو صیاد دشمن باغبان	وقت تیرے فضل کا ہے ای خدائے عندلیب

۷۱ قصۂ عاشق کو صبح حشر تک پایان نہین
کیا شہیدی سے بیان ہو ماجرائے عندلیب ۹

ولہ

آگئے تھے لے کے کوڑے محتسب	بن گئے مستون کے گھوڑے محتسب
گر شو بے عقل شیشے توڑکر	عذر مین کیون ہاتھ جوڑے محتسب
ٹھونک ڈالوینگے رندوا ایک دن	شہر مین ہین تم سے تھوڑے محتسب
گر ہمارے میکدہ مین ہو گذار	خم کے بدلے توبہ توڑے محتسب
لذت مے سے اگر واقف ہو تو	ٹھیکرے خم کے نچوڑے محتسب

ولہ ۶۵ ۱۵

[illegible]

محفل سے آخر اسکی نکلوائے جائینگے		شیخی سے جا تو بیٹھے تھے اکبار عنقریب
وحشت بھرے ہوئے مرے تیور کو دیکھکر		آتا نہیں ہے اب کوئی غمخوار عنقریب
وہ دن گئے جنون کی مداوا کیواسطے		وہ چار دور بیٹھے تو دو چار عنقریب
جنس وفا کی قدر گر اظہار کیجیے		کہتا ہے مجکو یان سے ہے بازار عنقریب
اے بدسلیقہ یہ بھی قرینہ ہے بزم کا		عشاق دور بیٹھیں اور اغیار عنقریب
لے اپنے آشیان کی خبر جلد جبرئیل		پہونچی ہماری آہ شرر بار عنقریب

۶۴ دوری شہیدی اپنی سمجھ کا قصور تھا ۶
ہے شہرگ گلو سے بھی یان یار عنقریب

چپ ہے ستم ظریف کی تقریر کا جواب	ولہ	سنتا ہے کب عاشق دلگیر کا جواب
وہ دن بھی ہونگے زنگلہ خندہ زن ترے		دیکھین ہمارے نالۂ زنجیر کا جواب
قاصد سے پہلے وان ہمین پہونچا اگر خدا		خود لکھتے اپنے شوق کی تحریر کا جواب
یوسف نہ لاکھ ننگ سے کھولے زبان طنز		مصرعہ عدم مین یار کی تصویر کا جواب
دل کے مقابلہ مین عبث ہے بنائے عرش		بیکار حسن نقاش ہے تعمیر کا جواب

مصرع نہ اب ہے نظم شہیدی وہی ہین ہم
لحظہ مین لکھتے تھے غزل میر کا جواب

دیوان شہیدی ۲۶

[illegible]

۶۶ ولہ ۱۰

[illegible]

۶۸ ولہ ۱۰

ما سوی اللہ سے غفلت کا ہی باعث نام شراب

انتظار جام سے ہر دم ہے انعام شراب

رشک آ پر مجھے آتا ہے بیسر جس کو | ایک مشتاق پری چہرہ ہو دو جام شراب
گلشن حسن کے طاوس کے پھنسنے کے لیے | غورۂ رز ہی اگر دانہ بنا دام شراب
شیشہ و ساغر سے کوئی کہتا ہے ہاتھون پر انکار کا سو قسم ہو کوئی | تو دیکھ بزم مین و جنبش گل اندام شراب
مین گر ایکے سبو پول اٹھا بادہ فروش | واقعی ہی سبب لغزش اقدام شراب
ختم کرون گردن مینا تری فرقت مین و | شور قلقل سے مجھے موت کا پیغام شراب
چشم جانان بھی ترے سحر کی قائل ہو تو | گل نرگس کو بنا دے گل بادام شراب
وصل کی رات کا لطف اس سے نہ پوچھو | آپ بیہوش ہوا پی کے سر شام شراب
فتنۂ حشر کا سبب غمزۂ سفاک ہوا | عہد مین تیرے ہی مفت ہو بدنام شراب

۶۷ | طبع پر جوش یہ ہے تا کہ وہ بادہ نہ چکھے
ای شہیدی آپ سے ہم کیون نہ کہین جام شراب | ۹

ولہ

لطف سو دیکھے پلا کر اسے یکجام شراب | وصل کی رات مین کیا آئی ہے کام شراب
پیشتر آ۔ جانان سے ہوا مین مدہوش | سو گیا حق مین مرے وصل کا پیغام شراب
کفر ثابت ہو تری چشم کا مخموری سے | کب یہ ممکن ہو کہ ہو صاحب اسلام شراب
اسکی محفل ہو پیامین تا کہ نہ عاشق کے حواس | دو ساغر ہی پلا دیجئے مین پھر جام شراب
میرے شیشے کا ہو مجلس مین تو کیا حال | وہ مین جیسے وہ مربزہ اثر اصنام شراب

۹۶ ولہ ۷

تیری خدمت کی بدولت ہین ای پیر مغان	رات دن ملتی ہی پہنچا نون ہی بن دام شراب
چشم مخمور کا کشتہ ہون مری تربت پر	کیا عجب خلق چڑھاتی رہے بادام شراب
رنگ جامے ہما ابھی ابھی سرخ و سفید	اپنی جھوٹی مجھے دے ساقی گلفام شراب
میری آنکھون مین تری دیکھکے سمجھا کہ یہی	سحر کرنے کے لیے دشمن اسلام شراب
ہون میخانہ ہی آغاز مین دستار و قمیص	کیا دکھاتی ہی مجھے دیکھیے انجام شراب
سر دیا محکمہ شرع مین شیشہ نہ دیا	ہین رندان جہان لیکے مرا نام شراب

زہر حسرت سے شہیدی مجھے بالطبع ہی ذوق
ورنہ تھی میکدۂ عشق مین اقسام شراب

٧٠	ردیف تاے مثناۃ	١٦

تھی جنکے سبب رونق بازار محبت	ولہ	وہ اٹھ گئے لے ساتھ خریدار محبت
تا دل کی جگہ قطرہ خون بھی رہا باقی		ممکن ہی کھلے عقدۂ دشوار محبت
سینہ تھا عزیز اسکو ڈرا خوف سے اسکے		گر دون نہوا محرم اسرار محبت
شعلے مری آہ کے پرے عرش کے چمکے		رکھتے تھے ہوا سے کرۂ نار محبت
میلہ تھا فرشتون کا زیارت کو ہماری		جس روز پہنایا ہمین زنار محبت
ہر لخت جگر نوگل خندان کا ہی روکش		شاداب ہمیشہ رہے گلزار محبت

ہے شہیدی کی روح سے بیزار
پر اُسے چاہے کہین کیا باعث

ولہ ۷۴ ۹

۷۲ ۵

غضب ہے ہجر مین جیکے ہمین بھائے بسنت
مزا بسنت کا جب ہے کہ وہ بسنتی پوش
ہر ایک شے یرقان سے نظر پڑے ہے زرد
تھا ایکساں ہوا رہان ہوا اُسکی خفگی سے

ولہ

وہ ہر ہین غیر کے بیٹھا ہوا منائے بسنت
خوشی سے بیٹھ کے پہلو مین ہیر گائے بسنت
ہنوز دیکھیے کیا کیا ہمین دکھائے بسنت
کٹا ہے کیسی مصیبت سے اب کے ہائے بسنت

کہے ہے دیکھ مرے رنگ زرد کو وہ شوخ
شہیدی آج تو تم بھی منا کے آئے بسنت

ردیف ثائے مثلثہ ۷۳ ۹

شب خموشی کا غیر تھا باعث
یا ہوئی آپ کی حیا باعث

وان ٹھہرنا صلاح وقت نہ تھا
ہمنشین تو مجھے ہوا باعث

چاہ مین بوالہوس کی خوب نبھی
میری خواری کی ہے وفا باعث

بے تکلف رہا مدام وہ شوخ
آج مجھسے حجاب کا باعث

موت کا کچھ نہ کچھ بہانہ ہوا
ہوا مرنے کی یان دوا باعث

غم سے آتے ہزار حیف میرا
پوچھتی ہے تری بلا باعث

شب رکا سا رقیب سے بولا
ہمپہ اصلا نہ کچھ کھلا باعث

بے خطا گالیان نہ دے ناوان
ورنہ پوچھینگے آشنا باعث

ردیف جیم ۷۵ ۹

ہم سے شہیدی کے

ولہ

رکھتا ہی شوق نامہ عاشق بھی بال پر — پرواز کی نہین ہی کبوتر کو احتیاج
ہر لحظہ زخم تازہ ہی اُسکا قرارگاہ — کب ہے نیام کی ترے خنجر کو احتیاج

محتاج بعد قتل شہیدی ہون عشق مین
فتراک یار کی ہو مرے سر کو احتیاج

ولہ

مین جنبش لب دیکھ کے سمجھا سخن موج — پر وصف تبسم سے ترے ہی دہن موج
ہر دل مین ترے جلوہ واحد کا ہی پرتو — اک شمع قمر رونق صد انجمن موج
تیرے ہی بُردوش کا مشتاق ہی کافر — زنار کے قالب مین ہر اک ہمن موج
دیوانہ ترا بند تعلق سے ہے آزاد — کب باندھ سکے آب روان کو رسن موج
وہ گل جو نہانے کو سحر حوض مین اُترا — تھا خندہ زنان موج چمن پر چمن موج
مشاطہ گری اپنی صبا لاکھ دکھاوے — پہونچے گی تم گیسو کو ترے کب شکن موج

پوشاک مکلف کی نہ کھ حرص شہیدی
بے چاک اُتو یان نہوا پیرہن موج

شرط ہی ہجر سے اور دیدہ خونبار سے آج — ٹیکے وہ سیل گذر جائیگا کہسار سے آج
ہے تو یہ حرمت مے جسکی زبان پر کل تھی — مست آتا ہی چلا خانہ خمار سے آج
مضطرب کیون نہون سو سو پیچ کھاتے دلین — دمبدم دیکھتے کیون ہین مجھے پیار سے آج

جیسے گھر سے آپکی جاؤ اندھیرے مین بلا	تجھسے افزون تپ اتق کے ہجر مین گھبراتی ہو صبح
مجکو رو رو کر شب ہجران یہی آتا ہے سوچ	وصل کی شب دم مین کیسی صاف ہو جاتی ہو صبح
اسکے بالون کی سیاہی سے شب یلدا خجل	اور صفائی کا وہ عالم ہو کہ شرماتی ہو صبح
تیری چوٹی پر سے بالے وار گر بنتی ہو صبح	صدق دل سے تیری گردن کی قسم کھاتی ہو صبح
منھ دکھا دے روز محشر تو ہمین لائق نہین	گر شب ہجران مین ہیسے ناز فرماتی ہو صبح
داغ ہو خورشید سا چاک گریبان سے خود	تیسے تو خندان ہو ہر دم کیا نزی چھاتی ہو صبح

کب کسی کے گھر ٹھہرتا ہو وہ پرفن رات بھر
تو شہیدی کو عبث ہر لحظہ دھمکاتی ہو صبح

۸۰ ردیف خاے معجمہ ۱۶

نہر بہشت کا ہو تجھے شہد ناب تلخ	شیرین کو کوہکن سے ملا تھا جواب تلخ
وہ میٹھی گالیان وہ شکر خواب وصل کا	ہر دم ہو یاد مجکو نہ خورد و خواب تلخ
اسکی نگاہ قہر سے جو دہ ہوا رقیب	کم ظرف ضبط کر نہ سکا پی شراب تلخ
بوسہ لیا ہے لب سے نہ دشنام تو نکال	شربت کو میرے کر نہ ملا کر گلاب تلخ
کاغذ مین قند باندھکے آتے ہمارے گھر	یا محفلون مین کرتے ہین اب جواب تلخ
فرقت مین اسکی ذایقہ بگڑا ہو شمع کا	سمجھا مین نغمہ شکرین رباب تلخ

۸۲	ردیف دال مہملہ	۱۱

پھیرنے چشم تکینگے مری جا میرے بعد	ولہ	خوب روئینگے مجھے اہل عزا میرے بعد
یار نے کھائی ہی سوگند جفا میرے بعد		تا نہ یاد آئے اُسے میری وفا میرے بعد
حسن ہی طرفہ کشاکش مین گران جانونکی		ہوئی محتاج فنا تیغ ادا میرے بعد
پھر نہ بیٹھا اصف پائین مین کوئی ذلت سے		بزم جانان مین ہی خالی مری جا میرے بعد
ہوئے عشاق نوازی کے وہ دل سے مصروف		ہائے مقبول ہوئی میری دعا میرے بعد
تھا جنون مجکو بڑھے رہتے تھے میرے ناخن		توڑ کر کھولینگے وہ بند قبا میرے بعد
دیدۂ تر کو نہ خاک ہوا رزان حسرت		اک نظر ہو گئی کرشمہ کی بہا میرے بعد
جیسے چلے سے کمان کرین جدا بعد از جنگ		چین وہ ابرو کج ہونگے جدا میرے بعد
دوش پر کھینچینگے وہ ہر اکے سبھی عزت سے		خاک پر لوٹیگی کیون لعف دفنا میرے بعد
گھر سے نکلا کرینگے عطر مین ڈوبے ہر صبح		تیری بن آویگی اے باد صبا میرے بعد

۸۳	کیون نہ خون روؤن شہیدی وہ برائے زینت میرے روضہ سے منگائینگے حنا میرے بعد	۹

شام سے ایسی خوشی دلین سمائی شب عید	ولہ	کہ اسے تا سحر نیند نہ آئی شب عید
اسمین معشوق خوشی کرتے ہین اسمین عاشق		وصل کی شب سے بھی عشرت مین آئی شب عید

[illegible]

۱۷

ولہ

۳۵

[illegible]

زال

۸۹ ردیف ذال معجمہ ۸

عاشق کو ہے زہر ترا بھی قند لذیذ
دشمن ہوں کے کام میں کیسے ہی شکر لذیذ
دشنام یار و بادہ کا ہے ایک ساغر [illegible]
عاشق کے یہ دونوں اہل ذوق کو ہوں [illegible] لذیذ
سب نعمتوں سے غم ہے زیادہ مگر لذیذ
[illegible] سلطان عشق [illegible] لذیذ
[illegible] سوز [illegible] حاصل ہو وصل دوست
[illegible] لذیذ
[illegible] مذاق عشق میں تو [illegible]
[illegible] میں [illegible] شہیدی [illegible] لذیذ
اس نقل کو بجائے وہ [illegible] لذیذ

ہر شرہ اس قحبہ کی ہے صورت نشتر سپید		زال دنیا کے تعشق میں ہے خلقت کو جنون

۱۱	عاشقی کی حرص پیری میں شہیدی ترک کر کیا سیہ چشموں کی صحبت ہو گیا جب سر سپید	۸۵

۸۶ ردیف را مہملہ ۱۰

دیوان شہیدی ۳۶

واللیل کی تفسیر ہوئی موئے محمدؐ	صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم	ہے سورۂ والشمس اگر روئے محمدؐ
سمجھا میں شب قدر ہے گیسوئے محمدؐ		جب روئے محمدؐ کی نظر آئی تجلی
ہے نیک اگر روئے صفت خوئے محمدؐ		کم ساتھ ہوا روئے نکو خوئے نکو کا
جبدن سے عیاں ہے رخ نیکوئے محمدؐ		ہے سرمۂ کوری میں نہاں دیدۂ بدبین
جب تک نظر آجائے نہ ابروئے محمدؐ		ماہ نو شوال سے عاشق کو نہیں عید
ظاہر میں تو نازک سے ہیں بازوئے محمدؐ		کس وضع اٹھائے ہوئے ہیں بار دو عالم
پر ہو نہ سکا سنگ ترازوئے محمدؐ		تھا بیش بہا حسن کے بازار میں یوسفؑ
ہر پھول کی بو میں ہے رچی بوئے محمدؐ		گلگشت گلستان میں پڑھو صل علیٰ تم
کعبہ کا شب و روز ہے منھ سوئے محمدؐ		کعبہ کی طرف منھ ہو نمازوں میں ہمارا
ہوں شیفتۂ قامت دلجوئے محمدؐ		ہر نخل بیابان عرب مجھکو ہے طوبیٰ

رضوان کے لئے لے چلوں سوغات شہیدی
گر ہاتھ لگے خار و خس کوئے محمدؐ

[illegible]

[illegible]

[illegible]

٨٨	پا گرفتار ہون تا ہاتھ چڑھے آسکی زلف خواب مین آج شہیدی نظر آئی زنجیر	١٦

مجھے کھلوانے کہان لائی ہے تقدیر شکار
ولہ کرے صیاد کو جس دشت مین نخچیر شکار

بچکے نکلے ترے کوٹھے کے کبوتر سے عقاب
کرین شاہین کو ترے گھر کے عصافیر شکار

دل مین باقی نہ رہے گلشن جنت کی ہوس
گر ترے رنگ محل کی نبے تصویر شکار

نسر واقع کی طرح سکتے مین رہجاتے ہین
دشت مین دیکھلے رخ کی ترے تنویر شکار

نظر آئی وہ فرہ دل کی تپش رفع ہوئی
حرکت کر نہ سکے کھا کے تیرا تیر شکار

کوئی ہے بستۂ فتراک کوئی خستہ سہم
صیدگہ مین تری کیا رکھتا ہے توقیر شکار

رنگ تقسیدہ پہ لوٹے جو ترے وادی مین
نہ کبھی یاد کرے ساحت کشمیر شکار

نقرئی قبضہ و خنجر ہے طلائی قاتل
آئے تجھے حلق پہ ملکر مگر اکسیر شکار

ذوق جولانگہ دلدار مین اللہ اللہ
کعبہ سے نکلے مین پڑھتے ہوئے تکبیر شکار

یہ بھی اعجاز سمجھ میر شکار افگن کا
دل سے معروف دعا ہے تہ شمشیر شکار

بسملی کے مرنے کی کسکو ہے پرسش ورنہ
کرے حلقوم بریدہ سے بھی تقریر شکار

واقعہ یار کے میدان کا اگر خواب ہوا
صبح محشر نظر آجائیگی تعبیر شکار

دست و پا کو قلم اسواسطے قاتل نے کیا
نہ گلا کٹنے کی لذت کرے تحریر شکار

[illegible]

نیند آئی شب ہجر مین ترے گو آہ سرو سے	ٹھنڈی ہوائین چلتی رہین اپنے بام پر
تجھے جو مجکو وصل ہو اُسکو بھی وصل ہو	عاشق ہوئی ہے صبح مری تیری شام پر
برا رہا ہے آتش یاقوت پر دخان	لٹا ہے وہ مسی جو لب لعل فام پر
فوراً بچھڑ کے بچھڑ کے قفس پہ نہ اڑ سکے	سر کے ہوئے ترے تھے ہمارے تمام پر
دل مفت تجھکو لیتے نہین اور خوبرو	کندہ ہے یہ نگینہ مرا تیرے نام پر
در پیر شرابخانہ کے ہے اپنی یہ صدا	ہم دو جہان کو بیچتے ہین ایک جام پر
جانے کی اُسکے تیری مرا کیا تمام شہر	باندھی کمر سفر پہ ہے یا قتل عام پر
شکر سے طوطیون کو نہین عشق جسقدر	گل طینت محو ہین میرے کلام پر
ہین ہون بشر کلام بشر ہے مرا کلام	حاسد کو اعتراض ہے حق کے کلام پر
سینہ سے وہ جو کان ملاحت لپٹ گیا	کیا آپڑے تھے زخم جگر التیام پر

۹۱	اللہ ہے جو وصل شہیدی کو ہو نصیب عاشق ہوئے ہین اک بت ذی احتشام پر	۷

پہلو مین تڑپ دل کو ہے بسمل کے برابر	ولہ — بسمل بھی نہ تڑپیگا مرے دل کے برابر
ہے حال مرا مردمک چشم کے مانند	اس بات مین کچھ فرق نہین تل کے برابر
نکلا ہے شط الفت مین ہو کا کون سفینے	تختہ نہ لگا ایک بھی ساحل کے برابر

۹ [illegible]

۹۲ ولہ [illegible]

۹۴ ولہ [illegible]

۱۰ [illegible]

دولت دنیا کا منھ کالا وفا اس سے نہ ڈھونڈ | گم ہوئی خاتم تجھے تنہا سلیمان چھوڑ کر
